## جیواور اے آر وائی سمیت دیگر ٹی وی چینلوں کی نشریات کی بندش کو فوراً ختم کیا جائے، الطاف حسین

## جنگ گروپ کے اخبارات کو نذر آتش کرنا قابل مذمت ہے، الطاف حسین

## میڈیا کے خلاف اس قسم کے آمرانہ اور ظالمانہ ہتھکنڈوں کو ختم نہ کیا گیا تو احتجاج کا جمہوری حق محفوظ رکھتے ہیں

لندن۔۔۔8، اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے شرپسند عناصر کی جانب سے جیواوراے آر وائی ٹیلی ویژن کی نشریات بند کرنے، جنگ گروپ کے اخبارات کو نذر آتش اور کیبل آپریٹرز کے دفاتر پر شدید فائرنگ کے واقعہ کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور اسے کھلی جارحیت اور آزادی صحافت پر کھلا حملہ قرار دیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ اس قسم کے جارحانہ ہتھکنڈوں سے انتظامیہ اور حکومت کی ملک بھر میں مزید جگ ہنسائی ہوگی اور عوام میں نہ صرف نفرت پیدا ہوگی بلکہ شدید نفسیاتی ردعمل بھی ہوسکتا ہے۔انہوں نے کہا کہ ملک وقوم اس وقت انگنت خونچکاں حالات کا شکار ہیں۔ایک طرف امن عامہ کی خراب صورتحال، غربت اور مہنگائی کے باعث عوام شدید مشکلات کا شکار ہیں جبکہ دوسری طرف پاکستان برصغیر کی تاریخ کے بدترین اور ہولناک طوفان اور سیلاب کی زد میں ہے۔سیلاب کی تباہ کاریوں سے لاکھوں گھر اور پورے کے پورے گاؤں صفحہ ہستی سے مٹ گئے ہیں، کروڑوں عوام متاثر ہوئے ہیں، سینکڑوں افراد جاں بحق ہو چکے ہیں جبکہ لاکھوں شدید زخمی ہیں جو کہ کھلے آسمان تلے کسمپرسی، مشکلات اور فاقہ کشی کی زندگی گزارنے پر مجبور ہیں۔انہوں نے کہا کہ ان حالات میں میڈیا پر قدغن لگانا، ان کی نشریات بند کرنا اور کیبل آپریٹرز کو ہراساں کرنا متاثرین سیلاب کے زخموں پر نمک چھڑکنے کے مترادف ہے۔ جناب الطاف حسین نے وفاقی وصوبائی حکومتوں سے مطالبہ کیا کہ جیواوراے آر وائی سمیت دیگر ٹی وی چینلوں کی نشریات کی بندش کو فوراً ختم کیا جائے، اخبارات کو نذر آتش، کیبل آپریٹر کے دفاتر پر فائرنگ کرنے والے شرپسندوں کو گرفتار کیا جائے اور آزادی صحافت کے مروجہ اصول وضوابط کا احترام کیا جائے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ اگر میڈیا کے خلاف اس قسم کے آمرانہ اور ظالمانہ ہتھکنڈوں کو ختم نہ کیا گیا تو ایم کیوایم ان مظالم اور بندشوں کے خلاف احتجاج کا جمہوری حق محفوظ رکھتی ہے۔

## عوام بارشوں اور سیلاب سے متاثرہ عوام کیلئے بھرپور مدد کریں، الطاف حسین کی اپیل

## مخیّر حضرات امدادی اشیاء اور نقد رقوم مرکزی آفس خدمت خلق فاؤنڈیشن فیڈرل بی ایریا میں جمع کرائیں

لندن۔۔۔8، اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے عوام بالخصوص مخیّر حضرات سے پرزور اپیل کی ہے کہ وہ سندھ سمیت ملک بھر میں بارشوں وسیلاب سے متاثرہ عوام کیلئے بھرپور حصہ اور دل کھول کر مدد کریں۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ طوفانی بارشوں اور سیلابی ریلوں سے آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان سمیت صوبہ خیبر پختونخواہ، پنجاب، بلوچستان اور صوبہ سندھ کے عوام کو شدید مشکلات اور مالی نقصانات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے، قدرتی آفات کے باعث سینکڑوں افراد جاں بحق ہو چکے ہیں جبکہ ہزاروں خاندان کھلے آسمان تلے زندگی گزارنے پر مجبور ہیں۔ جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان اور حق پرست وفاقی وصوبائی وزراء، سینیٹرز، ارکان قومی اور صوبائی اسمبلی کو ہدایت کی کہ وہ صوبہ سندھ میں سیلاب کی صورتحال سے نمٹنے اور شہریوں کی جان ومال کے تحفظ کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں اور مصیبت کی اس گھڑی میں قدرتی آفات سے متاثرہ عوام کی ہرممکن مدد کریں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم کی جانب سے شدید طوفانی بارشوں اور سیلاب سے متاثرہ بھائیوں کی امداد کیلئے ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکزی دفتر واقع فیڈرل بی ایریا میں بھی امدادی کیمپ قائم کیا گیا ہے جہاں حق پرست عوام کی جانب سے غذائی اجناس اور دیگر امدادی اشیاء جمع کرائی جارہی ہیں۔انہوں نے حق پرست عوام بالخصوص مخیّر حضرات سے پرزور اپیل کی کہ وہ بارش وسیلاب سے متاثرہ افراد کی بھرپور مدد کریں اور غذائی اجناس سمیت روزمرہ استعمال کی دیگر اشیاء خدمت خلق فاؤنڈیشن کے امدادی کیمپ میں جمع کرائیں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ مخیّر حضرات امدادی اشیاء خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکزی دفتر اور ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پر قائم امدادی کیمپوں میں جمع کراسکتے ہیں اور مزید معلومات کیلئے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکزی دفتر کے فون نمبر 34264572 اور ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد کے فون نمبر 36313690 اور 36329900 پر بھی رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

## شدید بارشوں اور سیلاب کے متاثرین کیلئے جناب الطاف حسین کی جانب 10 لاکھ روپے کی امداد کا اعلان

لندن۔۔۔8اگست،2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ملک بھر میں شدید بارشوں اور سیلاب کے متاثرین کی امداد کیلئے 10 لاکھ روپے کا اعلان کیا ہے۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ مشکل کی اس گھڑی میں متحدہ قومی موومنٹ اور اس کا ایک ایک کارکن شدید بارشوں اور سیلاب کے متاثرین کے ساتھ ہے۔انہوں نے حق پرست منتخب نمائندوں کو بھی خصوصی ہدایت کی کہ وحالیہ بارشوں اور سیلاب زدگان کی امداد کیلئے اپنی تمام تر صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے اہم کردار ادا کریں۔جناب الطاف حسین نے عوام خصوصاً مخیرّ حضرات سے بھی اپیل ہے کہ کہ وہ مصیبت کی اس کھڑی آزمائش میں بارشوں اور سیلاب کے متاثرین کی بھرپور امداد کریں۔

## وزیراعلیٰ سندھ کے اسپشل اسٹنٹ غلام حیدر راہواور حق پرست ارکان اسمبلی اکرم عادل اور ہرگن داس کا سیلابی ریلے کے سلسلے میں ایم کیوایم کی جانب سے لگائے گائے امدادی کیمپس کا دورہ،متاثرین سے ملاقاتیں

سکھر۔۔۔8،اگست2010ء

وزیراعلیٰ سندھ کے حق پرست مشیر واسپیشل اسٹنٹ غلام حیدر راہو،ارکان سندھ اسمبلی اکرم عادل اور عارف مسیح نے اندورن سندھ میں سیلابی ریلے کے سلسلے میں سکھر بیراج،سکھر،خیر پور،کےمختلف علاقوں کے علاوہ کاروکھو،خانپور،یوسی 23,28,32ایف پی بند میں قائم حفاظتی کیمپس کا دورہ کیا۔اس موقع پر اندورنِ سندھ تنظیمی کمیٹی کے رکن غلام شاہانی،متحدہ سوشل فورم کے رکن غلام علی خان،سابقہ بلدیاتی نمائندوں کے علاوہ متعلقہ زونز ویونٹس کمیٹیوں کے ذمہ داران وکارکنان سمیت ڈسٹرکٹ انتظامیہ کے اعلیٰ عہدیداران وافسران بھی موجود تھے۔اس موقع پرمتاثرین نے حق پرست نمائندوں اور ایم کیوایم کے ذمہ داران کو اپنے سیلابی ریلے سے پیدا ہونے والے مسائل ومشکلات کے بارے تفصیل سے آگاہ کیا۔حق پرست نمائندوں نے متاثرہ عوام کے مسائل کو توجہ سے سنا اور انہیں ایم کیوایم کی جانب سے ہرممکن تعاون کی یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ دکھی انسانیت کی خدمت سب سے بڑی عبادت ہے،ایم کیوایم انسانیت کی بےلوث خدمت اپنا فرض سمجھ کرادا کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ جناب الطاف حسین کی تعلیمات کے مطابق حق پرست نمائندے عوام کی بلاامتیاز رنگ ونسل زبان عملی خدمت کررہے ہیں اور یہی وجہ ہے کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے خصوصی ہدایت دیکرہمیں یہاں بھیجاہے تاکہ ہم سیلاب اور بارشوں سے متاثرہ عوام کی خدمت کرسکیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم سیلاب زدگان کو کسی صورت تنہا نہیں چھوڑے گی اور ان کی مدد کیلئے ہرممکن کردار ادا کرے گی۔انہوں نے موجود متعلقہ ڈسٹرکٹ انتظامیہ کے اعلیٰ افسران کو ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ وہ عوام کیساتھ اپنے رابطوں کو مزید مضبوط اور مستحکم بنائیں اور ان کی جان ومال کے تحفظ کیلئے تمام تر صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں۔دریں اثناء حق پرست رکن اسمبلی ہرگن داس نے ایم کیوایم لاڑکانہ زون کے انچارج عبداللہ بلیدی اور اراکین کمیٹی کے ہمراہ دریائے سندھ کے عاقل آگانی بند اور خیرپور لاڑکانہ پل کے مقام کادرہ کیا اور سیلاب سے متاثرہ علاقوں کا جائزہ لیا اور بڑے پیانے پر ہونے والے نقصانات پرعوام سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا۔اس موقع پر انہوں نے وہاں پر موجود متعلقہ انتظامیہ کے ذمہ داران وافسران کو عوام کی ہرممکن مدد اوران سے تعاون کرنے کی ہدایت کیں اور متاثرہ عوام سے رابطہ رکھنے پر بھی زور دیا۔

## متحدہ قومی موومنٹ یوکے کے زیراہتمام شہید رضا حیدر سمیت دیگر شہداء کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی گئی

لندن۔۔۔8اگست2010ء

متحدہ قومی موومنٹ یوکے کے تحت اتوار کے روز حق پرست رکن سندھ اسمبلی شہید رضا حیدر،ان کے محافظ خالد خان،سابق حق پرست کونسلر جمیل خانزادہ شہید اور انٹرنیشنل سیکریٹریٹ ایم کیوایم لندن کے رکن عثمان خان کی ہمشیرہ کے ایصال ثواب کیلئے ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں قران وفاتحہ خوانی کی گئی۔فاتحہ خوانی کے اجتماع میں ایم کیوایم کے ارکان رابطہ کمیٹی کے علاوہ ایم کیوایم یوکے کی آرگنائزنگ کمیٹی اور برطانیہ کے مختلف یونٹوں کے ذمہ داران اور کارکنوں نے شرکت کی۔

## الطاف حسین کی ہدایت پر اورنگی ٹاؤن اور قصبہ علیگڑھ متاثرہ عوام میں غذائی اجناس تقسیم

کراچی۔۔۔8اگست،2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر رابطہ کمیٹی کے ارکان نے اورنگی ٹاؤن اور قصبہ علیگڑھ کے مختلف علاقوں کے متاثرہ عوام سے ملاقات کی اور انہیں غذائی اجناس تقسیم کی۔جسمیں گھی،تیل،دال،چاول،دودھ،آٹا،خشک دودھ،چائے کی پتی،دیگر اشیاء شامل ہیں۔اس موقع پر حق پرست ارکانِ اسمبلی ایم کیوایم کے علاقائی سیکٹرز ویونٹس کے ذمہ داران وکارکنان بھی موجود تھے رابطہ کمیٹی کے ارکان نے متاثرہ عوام سے علاقے کی صورتحال پر تشویش اوران سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا۔اس موقع پر متاثرہ عوام نے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی جانب سے مہیا کی جانی والی غذائی اجناس اور امداد پران کا شکریہ ادا کیا اور انکی درازی عمر کیلئے دعائیں کیں۔

## گلگت بلتستان میں سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں ایم کیوایم کے ذمہ داران کے دورے

گلگت۔۔۔8اگست،2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر ایم کیوایم گلگت و بلتستان کے ذمہ داران وکارکنان نے گلگت و بلتستان کے اضلاع اسکردو میں بارشوں سیلاب کے متاثرہ علاقوں کا دورہ کیا، اور وہاں پر موجودعوام سے ملاقات کر کے انکے مسائل ومشکلات کوسنا۔اس موقع پر انکے ہمراہ متعلقہ اضلاع کے ڈی ایل اواورصوبائی وزیر بلدیات بھی موجود تھے۔تفصیلات کے مطابق ملک بھر میں شدید سیلاب کے پیش نظر متاثرہ عوام کی ہر ممکن مدد کیلئے ایم کیوایم گلگت و بلتستان کے کارکنان امدادی سرگرمیوں میں مصروف ہیں۔ گزشتہ دنوں ملک بھر خصوصاً گلگت و بلتستان میں آنیوالے سیلابی ریلے نے ملک کے مختلف صوبوں کو اپنی لپیٹ میں لیا ہوا ہے اس ہنگامی صورتحال کو مدنظر رکھتے ہوئے گلگت و بلتستان کے دیگر اضلاع میں ایم کیوایم کارکنان سیلابی ریلے کے نتیجے میں متاثرہ علاقوں میں عوام کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے اپنا بھر پور کردارادا کر رہے ہیں۔اس سلسلے میں انہوں نے گلگت و بلتستان میں سیلاب سے بچاؤ کیلئے عوام کومحفوظ مقامات پر منتقل کرنے کیلئے قائم کئے گئے کیمپس میں پہنچایا گیا۔جبکہ سیلاب سے زخمی ہونیوالے افراد کومقامی اسپتال میں داخل کرایا گیا۔اس موقع پر ایم کیوایم گلگت و بلتستان کے ذمہ داران نےعوام سے گفتگوکرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم نے قائد جناب الطاف حسین کےفکر وفلسفے کے مطابق ہمیشہ دکھی انسانیت کی خدمت کی ہےاورانہیں یقین دلایا کہ ہم مشکل کی اس گھڑی میں گلگت بلتستان کی عوام کوتنہا نہیں چھوڑیں گےاور سیلابی ریلے سے ہونیوالی تباہ کاریوں سےعوام میں پائی جانے والی شدید پریشانی کودور کرے گی ایم کیوایم عوام کی خدمت کیلئے ہے جو ہمارا نصب العین بھی ہےاورشعاربھی ہے۔اس موقع پرمتاثرین نے ایم کیوایم کی امدادی سرگرمیوں کوزبردست انداز میں سراہااورقائدتحریک جناب الطاف حسین کاشکریہ ادا کرتے ہوئے انکی درازی عمرکیلئے دعا کی۔

## رابطہ کمیٹی کے ارکان رضاہارون اور سلیم تاجک کا بارش سے متاثرہ علاقوں کا دورہ

کراچی۔۔۔8اگست،2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان رضاہارون اورسلیم تاجک نے بارش کے بعد مختلف متاثرہ علاقوں لیاقت آباد، ناظم آباد، نارتھ ناظم آباد،شارع فیصل،اعظم بستی،محمود آبادسمیت دیگر علاقوں کا دورہ کیا۔اس موقع پرانکے ہمراہ سیکٹرز و یونٹس کمیٹیوں کے ذمہ داران وکارکنان کے علاوہ سٹی ڈسٹرکٹ گورنمنٹ کے اعلیٰ افسران بھی موجود تھے۔رابطہ کمیٹی کے ارکان نے بارشوں سےنقصانات و پانی کے نکاسی آب اورنالوں کی صفائی کے کاموں کا جائزہ بھی لیا۔اس دوران رابطہ کمیٹی کے ارکان نے سٹی ڈسٹرکٹ گورنمنٹ کے اعلیٰ حکام کوہدایات دیں کہ وہ شہر میں حالیہ بارشوں کے دوران ٹریفک کی روانی کو برقرار رکھنےاورشہریوں کونقصانات سےمحفوظ کرنے کیلئے موثر حکمت عملی ترتیب دیں۔

☆☆☆☆☆